ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((499

مورخہ 16.10.25

**بہاولپور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے جملہ برانچز ہیڈز کو متعدد ہدایات جاری کردیں۔دفتری کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے نئے اہداف مقرر کئے۔پولیس کا ہر افسر عوام کا خادم ہے،اس لیے ہر کام میں شفافیت، دیانت داری،اور پیشہ ورانہ مہارت کو مقدم رکھا جائے۔ ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے جملہ برانچز ہیڈز کو پیشہ ورانہ امور کو مزید بہتر بنانے بارے متعدد احکامات جاری کردیئے۔ تمام افسران جاری کاموں، زیرِ تکمیل فائلوں، اور روزمرہ انتظامی امور کو مزید بہتر بنائیں۔انہوں نے دفتری نظم و ضبط، اوقات کار کی پابندی، عوامی شکایات کے فوری حل اور کارکردگی کے معیار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ان معاملات کو مزید بہتر بنانے کے لیے ہدایات جاری کیں۔انہوں نے تمام سٹاف کو ہدایت کی کہ سائلین سے خوش اخلاقی سے پیش آئیں، ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں اور دفتری کاموں میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کریں۔انہوں نے کہا کہ گائیڈنس چیک کے ذریعے کام کی رفتار اور معیار کا عملی مشاہدہ بھی کیا جائے گا۔پولیس فورس کی نیک نامی ہر افسر کی کارکردگی سے جڑی ہے ہمیں ٹیم ورک کے جذبے سے اپنے فرائض ادا کرنے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ دفتری سسٹم میں جدید ٹیکنالوجی کے موثر استعمال سے شفافیت میں اضافہ کیا جارہاہے، تاکہ عوامی خدمت کے مقاصد بہتر انداز میں حاصل کیے جاسکیں۔ ڈی پی او بہاولپور نے تمام افسران کو نئے اہداف (ٹاسک) تفویض کیے اور ان کی بروقت تکمیل کی ہدایت کی۔انہوں نے کہا کہ بہترین کارکردگی دکھانے والے افسران کی حوصلہ افزائی کی جائے گی جبکہ غفلت یا سستی کے مرتکب اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال جملہ برانچز ہیڈز کو پیشہ ورانہ امور کو مزید بہتر بنانے بارے متعدد احکامات جاری کردیے

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((500

16.10.25

**بہاول پور(          )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی جانب سے تھانہ کینٹ میں کھلی کچہری کا انعقاد۔ کھلی کچہری میں اہل علاقہ کی بڑی تعداد کو سنا اور افسران کو شہریوں کے مسائل بروقت حل کرنے کے احکامات جاری کیے، کھلی کچہری کا مقصد بلا تاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا اور گھر کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے،ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن انصاف آپ کی دہلیز پر کے پیش نظر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے تھانہ کینٹ میں کھلی کچہری لگائی، جس میں اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ڈی پی او کے ہمراہ متعلقہ ایس ڈی پی او سٹی سرکل بہاولپور، ایس ایچ او و دیگر معزز شخصیات نے بھی شرکت کی۔ڈی پی او محمد حسن اقبال نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ تھانوں میں کھلی کچہری کا انعقاد ہماری اولین ترجیح ہے تا کہ شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دہلیز پر بروقت دادرسی کی جاسکے۔ ڈی پی او نے دوران کھلی کچہری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو مقدم رکھتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔ ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے ساتھ بہتر رویہ اپنائیں۔ عوام کی خدمت اور ان کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ جبکہ شہریوں کا کہنا تھا کہ ہم بہت مطمئن ہیں کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خود ہمارے مسائل کے حل کے لئے تشریف لائے اور مسائل کو فوری حل کرنے کے متعلق افسران کو حکم جاری کئے۔ ڈی پی او بہاولپور کے اس احسن اقدام سے انصاف کا بول بالا ہو رہا ہے۔ آخر میں ڈی پی او محمد حسن اقبال نے شہریوں کی شرکت پر بھی ان کا شکریہ ادا کیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈی پی او محمد حسن اقبال تھانہ کینٹ میں کھلی کچہری کے موقع پر شہریوں کے مسائل دریافت کر رہے ہیں